Government of Karnataka

حکومت کرناٹک

گُلشنِ اُردو

GULSHAN-E-URDU

1

First Standard

PART-2

پہلی جماعت کے لئے
درسی کتاب مع مشقیہ

حصّہ دوم

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

K4C9X4

فہرست

نمبر شمار	اسباق	نثر نگار/شاعر	صفحہ نمبر
9	میرا گھر	ادارہ	1
10	نانا آئے	ادارہ	5
11	احمد اسکول چلا	ادارہ نظم	9
12	حرکات (اعراب)	ادارہ	13
13	بھولی بھالی چڑیا	ادارہ	21
14	ہمارا قومی پرچم	ادارہ	26
15	بارش	ادارہ	30
16	آؤ کھیلیں، ریل کا کھیل	ادارہ نظم	33
17	جگ مگ جگ مگ	نیاز حسین نیاز ترکیروی	36
18	ببلو، بگلا اور مرغے میاں		40
	سیکھے ہوئے الفاظ		45

I3M9G7

سبق: 9

میرا گھر

ہدایت:

معلم/معلّمہ یہ نظم حرکات وسکنات اور ترنم سے پڑھے اور طلباء کو زبانی یاد کرائے۔
اپنے گھر اور اپنوں سے محبت اور اپنائیت کا احساس پیدا کرائے۔

پیارا پیارا چھوٹا گھر — کتنا اچھا میرا گھر
دادا دادی ، چاچا چاچی — ہم سب کا یہ پیارا گھر
آنگن میں ہیں پھول کھلے — خوش بو سے ہے مہکا گھر
بچّے گھر کی رونق ہیں — سب کو لبھائے اپنا گھر
روشن روشن کمرے سارے — صاف اور ستھرا اچھا گھر

I. پڑھو اور سمجھو۔

پیارا	چھوٹا	اچھا	دادا	دادی
چاچا	چاچی	پھول	آنگن	روشن

II. ان سوالوں کے جواب زبانی حاصل کریں۔

1. گھر میں کون کون رہتے ہیں؟
2. گھر کی رونق کن سے ہے؟
3. گھر کے سارے کمرے کیسے ہیں؟
4. پھول کہاں کھلے ہیں؟

III. ان سوالوں کے جواب ''ہاں'' یا ''نہیں'' میں حاصل کریں۔

1. میرا گھر پیارا ہے۔
2. گھر میں نانا نانی رہتے ہیں۔
3. میرا گھر صاف ستھرا ہے۔
4. میرے گھر کے کمرے روشن ہیں۔

IV. یہ الفاظ طلباء سے کہلوائیں۔

خوش بو	کمرہ	مہکار	آنگن	رونق
روشن	صاف	ستھرا	چھوٹا	پیارا

V. ان الفاظ کو پڑھو اور لکھو۔

دو		دادا	
دال		ادا	
دار		دادی	

VI. خالی خانوں میں حروفِ تہجی ترتیب سے لکھو۔

ا		پ	ت		
	چ				
د		ذ	ر		
ژ					

	ط		ص		س
	ک		ف		ع
		و			ل
				یے	

نیچے دیئے گئے نقطوں کو ہندسوں کی ترتیب سے جوڑو اور جو تصویر بنے گی اس میں مناسب رنگ بھرو۔



F4H2A8

سبق:10

نانا آئے

نانا آئے، نانا آئے

نانا دلّی سے آئے

آم، انار اور سیب لائے

چلنے والی گڑیا لائے

اُڑنے والی چڑیا لائے

منّا منّی جلدی آؤ

آم، انار اور سیب کھاؤ

منّی تم یہ گڑیا لے لو

منّے تم چڑیا سے کھیلو

I. پڑھو اور سمجھو۔

نانا	گُڑیا	چڑیا	آؤ	کھیلو
آم	اُڑنے	انار	سیب	چلنے

II- ان سوالوں کے جواب زبانی حاصل کریں۔

1. نانا کہاں سے آئے؟
2. نانا کیا کیا لائے؟
3. منّی کو کیا ملی؟
4. منّے کو کیا دیا گیا؟

III . ان حروف کو جوڑ کر مکمل لفظ لکھو۔

1. ن + ا + ن + ا = ☐
2. گ + ڑ + ی + ا = ☐
3. چ + ڑ + ی + ا = ☐
4. ا + ن + ا + ر = ☐

IV- سامنے دی گئی تصویروں کی مدد سے الفاظ کی خالی جگہ پُر کرو۔

1. ___ م

2. سور ___

3. ___ رخت

4. کتا ___

5. ا ___ نٹ

V. ان رشتوں سے طلباء کو واقف کرائیں۔

ماں	باپ	ابّا	امّی
والد	والدہ	دادا	دادی
نانا	نانی	آپا	باجی
بھائی	بھابھی	پھوپھی	پھوپھا
خالہ	خالو	ماموں	ممانی
چاچا	چاچی	تایا	تائی

نیچے دی گئی تصویروں میں ایک تصویر دوسروں سے مختلف ہے۔
اسے پہچانو اور اس میں مناسب رنگ بھرو۔



Z3R7H3

سبق: 11

احمد اسکول چلا

ہدایت:
معلم/معلّمہ اس سبق کے ذریعے طلباء میں اچھے آداب و اخلاق کی ترغیب دلائے۔

صبح ہوئی

سورج نکلا،

امّی نے احمد کو جگایا اور کہا

اچھّے بچّے صبح سویرے جاگتے ہیں

احمد نے امّی کو سلام کیا اور

ابوّ کو بھی سلام کیا

دانت صاف کیے

نہایا، پاک صاف یونی فارم پہنا

ناشتہ کیا

خوشی خوشی بستہ لے کر ابوّ کے ساتھ

اسکول چلا۔

I. پڑھو اور سمجھو۔

صبح	یونی فارم	سورج	جگایا
ناشتہ	خوشی	بستہ	نہایا
سلام	نکلا	دانت	پاک وصاف

II. ان سوالوں کے جواب زبانی حاصل کریں۔

1. امّی نے کس کو جگایا؟
2. احمد نے کیا صاف کئے؟
3. احمد نے کیسا یونی فارم پہنا؟
4. احمد ابوّ کے ساتھ کہاں چلا؟

III. ان الفاظ میں شامل حروف کو الگ کرو اور لکھو۔

1. صبح	=			
2. پاک	=			
3. صاف	=			
4. چلا	=			

IV. مثال کے مطابق لفظ بناؤ اور لکھو۔



مثال: پاک

V. ذیل میں دیئے گئے حروفِ علّت اور حروفِ صحیح کی پہچان کرائیں۔

حروفِ علّت : ا و ی

حروفِ صحیح : ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م ن ہ

ان تصویروں کو ان کے سائے سے جوڑو

سبق:12

حرکات (اعراب)

Z5U9V9

ہدایت:
معلم/معلّمہ حرکت کی علامت آواز اور اس کے مقام سے طلباء کو واقف کرائے۔
تلفظ کی درستی کے لئے اعراب کا سمجھنا ضروری ہے۔

زبر (ـَـ)

زبر سے بننے والے ان الفاظ کو پڑھائیں اور لکھائیں۔

اَب		رَب		دَب	
رَس		دَس		ڈَس	
دَف		دَم		دَر	
اَدَب		اَرَب		اَزَل	

زیر (ـِـ)

زیر سے بننے والے ان الفاظ کو پڑھائیں اور لکھائیں۔

اِن		بِن		جِن	
اِس		جِس		حِس	
دِل		دِق		پِن	
بِل		گِل		سِل	

پیش (ـُـ)

پیش سے بننے والے ان الفاظ کو پڑھائیں اور لکھائیں۔

اُن	بُن	چُن
پُل	بُل	غُل
تُم	دُم	گُم
سُر	مُڑ	چُڑ

(ـّـ)

تشدید والے ان الفاظ کو پڑھائیں اور لکھائیں۔

ابّا	ڈبّا	بلّی
اچّھی	امّی	ننّھی
اچّھا	بچّہ	کچّا
ٹکّر	چکّر	ربّر

مد (ٓ)

مد والے ان الفاظ کو پڑھائیں اور لکھائیں۔

آم		آب		آپ	
آس		آن		آگ	
آقا		آدم		آمد	
آج		آل		آرا	

تنوین (ً)

تنوین والے ان الفاظ کو پڑھائیں اور لکھائیں۔

ادب		ادباً		(اَدَبَن)
عادت		عادتاً		(عَادَتَن)
فطرت		فطرتاً		(فِطرَتَن)
یقین		یقیناً		(یَقی نَن)

ہمزہ (ء)

ہمزہ والے ان الفاظ کو پڑھائیں اور لکھائیں۔

آؤ		پاؤ		جاؤ	
گائے		چائے		آئے	
پڑھائی		لکھائی		چٹائی	

اعراب کی مشق کرائیں

اَ	اِ	اُ	بَ	بِ	بُ
پَ	پِ	پُ	تَ	تِ	تُ
ٹَ	ٹِ	ٹُ	ثَ	ثِ	ثُ
جَ	جِ	جُ	چَ	چِ	چُ

صَ صِ صُ ضَ ضِ ضُ

طَ طِ طُ ظَ ظِ ظُ

عَ عِ عُ غَ غِ غُ

فَ فِ فُ قَ قِ قُ

گُ	گِ	گَ	کُ	کِ	کَ
وُ	وِ	وَ	نُ	نِ	نَ
ءُ	ءِ	ءَ	ہُ	ہِ	ہَ
ےُ	ےِ	ےَ	یُ	یِ	یَ

بَھ بِھ بُھ پَھ پِھ پُھ

تَھ تِھ تُھ ٹَھ ٹِھ ٹُھ

جَھ جِھ جُھ چَھ چِھ چُھ

دَھ دِھ دُھ ڈَھ ڈِھ ڈُھ

کَھ کِھ کُھ گَھ گِھ گُھ

لَھ لِھ لُھ نَھ نِھ نُھ

سبق:13

بھولی بھالی چڑیا

J7Z5L8

ہدایت:
معلم/معلّمہ یہ نظم حرکات وسکنات اور ترنم سے پڑھے اور طلباء کو زبانی یاد کرائے
طلباء میں پرندوں سے محبت اور ہمدردی کا جذبہ پیدا کرائے۔

سن اے چڑیا بھولی بھالی
تُو پھرتی ہے ڈالی ڈالی
تیرے پیچھے تیرے بچّے
ننھی ننھی چونچیں کھولے
تجھ کو بلائیں چوں چوں کر کے
تُو جلدی سے گھر واپس جا
سن اے چڑیا بھولی بھالی

I- پڑھو اور سمجھو۔

چڑیا	بھولی	پھرتی	ڈالی	پیچھے
چونچیں	کھولے	چوں چوں	جلدی	واپس
بچّے	گھر	ننّھی	بلائیں	

II- ان سوالوں کے جواب ایک لفظ میں لکھو۔

1- چڑیا کیسی ہے ؟

2- چڑیا کہاں پھرتی ہے ؟

3- چڑیا کی چونچیں کیسی ہیں ؟

4- چڑیا کو کہاں جانا ہے ؟

III- 'الف' اور 'ب' میں جوڑ لگا کر شعر مکمل کرو۔

(الف)	(ب)
1. سُن اے چڑیا	تیرے بچّے
2. تیرے پیچھے	چوں چوں کر کے
3. تجھ کو بلائیں	بھولی بھالی

IV. نیچے دی گئی تصویروں کو دیکھ کر مناسب حروف کی مدد سے الفاظ مکمل کرو۔

1.
چ + ڑ + ☐ + ا = ☐

2.
ڈ + ☐ + ل + ☐ ☐

3.
چ + ☐ + ☐ + چ = ☐

4.
گھ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ہ = ☐

V. ان دو حرفی وصلی الفاظ کو پڑھو اور لکھو۔

ہم		کر		کل	
قد		لب		جگ	
سن		غم			

VI. ان سہ حرفی وصلی الفاظ کو پڑھو اور لکھو۔

ثمر		بند		قلم	
عمل		جمع		پلٹ	
نیک		بتّی			

ان تصویروں کو پہچانو اور نام لکھو





سبق:14

ہمارا قومی پرچم

V2C6J9

ہندوستان ہمارا وطن ہے۔
ہمارا قومی پرچم ترنگا ہے۔
اس میں تین رنگ ہیں۔

ترنگے میں سب سے اوپر زعفرانی درمیان میں سفید اور نیچے سبز رنگ ہے۔

سفید رنگ کے درمیان نیلے رنگ کا اشوک چکر بنا ہے۔

ترنگے کے یہ تین رنگ زعفرانی - ایثار، سفید - امن اور سبز - خوش حالی کے نشان ہیں۔

ہم ہر سال 15 اگست اور 26 جنوری کو ترنگا لہراتے ہیں۔

یہ ہندوستان کی شان اور اتحاد کی پہچان ہے۔

I- الفاظ و معنی:

پرچم	=	جھنڈا	ترنگا	=	تین رنگوں والا
ایثار	=	قربانی	اتحاد	=	میل جول
سبز	=	ہرا	امن	=	چین

II- پڑھو اور لکھو۔

وطن		پرچم		سبز	
اتحاد		پہچان		امن	
ایثار		قومی		چکر	

III- ان سوالوں کے جواب ایک لفظ میں لکھو۔

1- ہمارا وطن کونسا ہے؟

2- ہمارا قومی پرچم کونسا ہے؟

3- قومی پرچم میں کتنے رنگ ہیں؟

4- سفید رنگ کے درمیان کس رنگ کا اشوک چکر بنا ہے؟

IV- 'الف' اور 'ب' میں جوڑو۔

(ب)		(الف)	
ایثار	.1	سفید	.1
اشوک چکر	.2	سبز	.2
خوش حالی	.3	نیلا	.3
امن	.4	زعفرانی	.4

V. ان کو ملا کر مکمل لفظ لکھو۔

1. و + ط + ن = ______
2. ر + ن + گ = ______
3. خ + و + ش = ______
4. س + ب + ز = ______

VI. مخلوط حروف سے بننے والے ان الفاظ کو پڑھو اور لکھو۔

بھر ______ پھل ______ تھم ______

جھٹ		چھت		دھن	
کھیل		گھر		چولھا	
ٹھگ		ڈھول		ننّھا	

ہمارا قومی پرچم ترنگا ہے۔

ہمارا قومی پرندہ مور ہے۔

ہمارا قومی جانور شیر ہے۔

ہمارا قومی پھول کنول ہے۔

ہمارا قومی کھیل ہاکی ہے۔

ہماری قومی زبان ہندی ہے۔

ہماری مادری زبان اُردو ہے۔

اُردو

سبق:15

L3K4S4

بارش

بارش آئے کوئل گائے
ننّھا مینڈک شور مچائے
باغ میں جگنو اُڑتا جائے
مور انوکھا ناچ دکھائے
پیڑ کے نیچے جھولے آئے
برکھا رُت نے پھول کھلائے
پیاری چڑیا خوب نہائے

I- پڑھو اور سمجھو۔

بارش	کوئل	ننّھا	مینڈک	باغ
جگنو	مور	انوکھا	جھولے	ناچ

II- طلباء سے ان سوالوں کے جواب ایک لفظ میں لکھائیں۔

1- کون گا رہی تھی ؟

2- شور کون مچا رہا تھا ؟

3- جگنو کہاں اُڑ رہا تھا ؟

4- کون ناچ رہا تھا؟

III- 'الف' اور 'ب' میں جوڑ لگا کر شعر مکمل کرو۔

(الف)	(ب)
1. ننّھا مینڈک	1. خوب نہائے
2. باغ میں جگنو	2. شور مچائے
3. پیڑ کے نیچے	3. اُڑتا جائے
4. پیاری چڑیا	4. جھولے آئے

IV- ان الفاظ کے حروف کو الگ کر کے لکھو۔

مثال: بارش : ب ا ر ش

1- کوئل :

2- شور :

3- جگنو :

4- مینڈک :

V. ان حروف کو جوڑ کر مکمل لفظ لکھو۔

مثال: م + و + ر مور

1. پھ + و + ل =

2. خ + و + ب =

3. ب + ا + غ =

4. پ + ی + ڑ =



ان جانوروں کی تصویروں میں ایک جانور مختلف گروہ سے تعلق رکھتا ہے۔ اسے پہچانو اور نشان لگاؤ۔

سبق:16

آؤ کھیلیں، ریل کا کھیل

C6W5E5

عامر آؤ، عاقل آؤ۔

کملا ، وملا تم بھی آؤ۔

اسما، سلمیٰ، اسلم، جوزف۔

مِل جُل کر سب قطار بناؤ۔

اسلم ریل کا انجن تم ہو۔

باقی سب ڈبّے بن جاؤ۔

چُھک پُک چُھک پُک کرتے جاؤ۔

جوزف جھنڈی جلد ہلاؤ۔

ومِلا سیٹی تیز بجاؤ۔

گاڑی چل دی چھُک پُک چھُک پُک

چھُک پُک چھُک پُک چھُک پُک چھُک پُک

***

I- پڑھو اور سمجھو۔

قطار انجن جھنڈا تیز گاڑی سیٹی

II- ان سوالوں کے جواب ایک لفظ میں لکھو۔

1- ریل کا انجن کون بنا ؟

2- ومِلا نے کیا بجائی ؟

3- جھنڈی کس نے ہلائی ؟

4- گاڑی کیسے چلی ؟

III. سامنے دیئے گئے الفاظ سے صحیح لفظ چن کر جملے مکمل کرو۔

1- عامر آؤ، عاقل ______ ۔ (جاؤ/آؤ)

2- مل جل کر سب ______ بناؤ۔ (انار/قطار)

3- اسلم ______ کا انجن تم ہو۔ (ریل/کھیل)

4- ومِلا سیٹی ______ بجاؤ۔ (تیز/میز)

IV. ان حروف کو جوڑ کر لفظ بناؤ اور لکھو۔

1. ع + ا + ق + ل =

2. ب + ا + ق + ی =

3. ق + ط + ا + ر =

3. گ + ا + ڑ + ی =

V. نیچے دیئے گئے بے ترتیب الفاظ کو ترتیب سے جوڑ کر جملے بناؤ اور لکھو۔

1. گھر ۔ ہمارا ۔ ہے ۔ یہ

2. میں ۔ باغ ۔ پھول ۔ ہیں

3. خوب صورت۔ ہے ۔ پرندہ ۔ طوطا

4. جنگلی ۔ شیر ۔ ہے ۔ جانور

5. اُردو ۔ ہے ۔ زبان ۔ ہماری

سبق: 17

جگ مگ جگ مگ

N1X6T7



تارے آئے جگ مگ جگ مگ
چاند بھی آئے جگ مگ جگ مگ
رات ہوئی تو نیل گگن نے
ہیرے پائے جگ مگ جگ مگ

کھیت میں اڑ کر ننّھا جگنو
کھیل دکھائے جگ مگ جگ مگ
پاؤں میں دیپک والے جوتے
ننّھا جائے جگ مگ جگ مگ
صاف دانتوں والا بچّہ
جب مسکائے جگ مگ جگ مگ

***

I- پڑھو اور سمجھو۔

تارے	چاند	نیل گگن	ہیرے	کھیت
دیپک	دانتوں	بچّہ	مسکائے	جگنو

II- ان سوالوں کے جواب ایک لفظ میں لکھو۔

1- تاروں کے ساتھ اور کون آیا ؟

2- ننّھا جگنو کہاں اڑ رہا تھا ؟

3- ننّھے کے جوتے کیسے تھے ؟

4- بچّے کے دانت کیسے تھے ؟

III. سامنے دیئے گئے الفاظ سے صحیح لفظ چن کر مصرعوں کو پورا کرو۔

1- [ ] ہوئی تو نیل گگن نے (رات/ بات)

2- کھیت میں [ ] کر ننّھا جگنو (مڑ/ اُڑ)

3- ننّھا [ ] جگ مگ جگ مگ (آئے/ جائے)

4- [ ] آئے جگ مگ جگ مگ (ہیرے/ تارے)

IV- خالی جگہ میں 'چا' لکھ کر لفظ پورا کرو اور لکھو۔

مثال : چا + ر = چار

1- [ ] ند = [ ]

2- [ ] ک = [ ]

3- [ ] ل = [ ]

4- [ ] پ = [ ]

5- [ ] ول = [ ]

6- [ ] ہت = [ ]

7- [ ] قو = [ ]

V- اس نظم میں سے ایسے الفاظ چن کر لکھو جن میں حرف 'ن' کا استعمال ہوا ہے۔

1. ______ 2. ______

3. ______ 4. ______

5. ______ 6. ______

VI- نیچے دی گئی تصویروں کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کرو اور مکمل لفظ لکھو۔

1. ط + و + ☐ ا = ______

2. م + ☐ ر = ______

3. چ + ☐ + ی + ا = ______

4. م + ر + ☐ = ______

سبق:18

بلو، بگلا اور مرغے میاں

ایک دن بلو ٹہلتے ٹہلتے تالاب کے کنارے پہنچا، تالاب میں سفید بگلوں کو دیکھ کر اس کا جی چاہا کہ وہ ان کے ساتھ کھیلے۔

بلو نے بگلے سے کہا ...... ''کیوں بھئی بگلے! کیا تم میرے ساتھ کھیلو گے؟''

بگلے نے بلو کی طرف دیکھا اور اپنے صاف ستھرے پر سمیٹ کر کہنے لگا۔ ....

''ذرا اپنے کپڑے تو دیکھو کتنے گندے ہیں۔ میں تمہارے ساتھ کیسے کھیلوں؟''

ببلو اور آگے بڑھا۔کھیت کے قریب اُسے ایک مرغا دکھائی دیا۔

ببلو نے مرغے سے کہا۔''مرغے میاں ! کیا تم میرے ساتھ کھیلو گے؟''

مرغے نے جواب دیا ۔ ''تم دیر تک سوتے ہو اور میں روزانہ صبح سویرے جاگتا ہوں۔تمہارا میرا کیا ساتھ۔چلو بھاگو یہاں سے۔''

ببلو دوسرے دن سویرے جلد جاگا۔اپنے دانت صاف کئے ،نہایا ، صاف کپڑے پہنے اور تالاب کے کنارے پہنچا۔

ببلو کو دیکھ کر اب بگلا بھی آیا۔مرغے میاں بھی آئے ،سب مل کر ایک ساتھ کھیلنے لگے۔

***

I۔ پڑھو اور سمجھو۔

تالاب کھیت گندے سمیٹ کنارے سویرے

II. ان سوالوں کے جواب ایک لفظ میں لکھو۔

1- ایک دن ببلو کہاں پہنچا؟

2- ببلو نے تالاب میں کیا دیکھا؟

3- بگلوں کے پر کیسے تھے؟

4- ببلو کو مرغا کہاں دکھائی دیا؟

III. نیچے دیئے گئے الفاظ کی مدد سے ان جملوں کی خالی جگہوں کو پُر کرو۔

(دن سب تالاب قریب جلد ساتھ صبح کنارے)

1- ایک ____ بلو ٹہلتے ٹہلتے ____ کے ____ پہنچا۔

2- کھیت کے ____ بلو کو ایک مرغا دکھائی دیا۔

3- بلو دوسرے دن سویرے ____ جاگا۔

4- بگلا، مرغا اور بلو ____ مل کر ایک ____ کھیلنے لگے۔

5- میں روزانہ ____ سویرے جاگتا ہوں۔

IV- تشدید کے استعمال کے ساتھ ان حروف کو جوڑو اور مکمل لفظ لکھو۔

مثال: ا + م + م + ی = امّی

1. چھ + ٹ + ٹ + ی = ____

2. س + ک + ک + ہ = ____

3. چ + ل + ل + ا = ____

4. بھ + ی + ی + ا = ____

5. ب + ل + ل + ی = ____

V- دائرے میں دیئے گئے 'کا'، 'کی'، 'کے'، 'کو' کے مناسب استعمال سے جملوں کو مکمل کرو اور لکھو۔



مثال: گلاب کا رنگ لال ہے۔

1.

2.

3.

4.

IV. 'ن' کی آواز کی ایک قسم 'نون غنہ' ہے یہ آواز ناک سے نکالی جاتی ہے۔
جیسے: ماں، کہاں، یہاں، وہاں وغیرہ۔ ''نون غنہ'' 'ن' کی شکل ہی کا ہوتا ہے
لیکن اس پر نقطہ نہیں لگایا جاتا۔

اس سبق میں سے ایسے پانچ الفاظ تلاش کرو اور لکھو جن میں ''نون غنہ'' استعمال ہوا ہے۔

1- ______ 2- ______

3- ______ 4- ______

5- ______

ان تینوں تصویروں میں ایک تصویر الگ ہے
اسے پہچانو اور صحیح کا نشان لگاؤ



سیکھے ہوئے الفاظ

آ
آدم
آرام
آسمان
آہستہ
آقا
آس
آگ
آلو
آج
آم
آنگن
ا
اللّٰہ
التجا
انگور
اسلم
انجن
اسماء
ادرک
ادب
امّی
اذان
اچھّا
اسکول
ابّا

اگست
اشوک
اتحاد
اُردو
انوکھا
انار
امن
ب
بندر
بدن
بادل
بیل
بس
بھاگو
برفی
بہن
بِستر
بِلّی
بنائی
بستہ
بھولی
بچّہ
بلائیں
بتّی
بارش
باغ

باپ
ببلو
بگلا
برکھارُت
پ
پڑھنا
پتنگ
پیارا
پرچم
پھول
پیڑوں
پاپڑ
پان
پہنچ
پہاڑ
پھل
پکّا
پیچھے
پرندہ
ت
تاج
ترنگا
تیز
تول
تیر
تارے

تالاب
ترکاری
تجھی
ٹ
ٹماٹر
ٹوپی
ٹافی
ٹرَ ٹرَ
ٹیلی وژن
ث
ثواب
ثمر
ثابت
ثریّا
ج
جنّت
جہاز
جگ
جال
جم
جنگل
جُوتے
جاگنا
جنوری
جگنو
جھاڑی

جھولے
جھنڈی
جھرنا
جانور
چ
چاند
چمک
چٹائی
چاچا
چاچی
چابی
چڑیا
چھوٹا
ح
حمد
حویلی
حوض
چھوٹا
خدا
خدا
خالق
خرگوش
خوشی
خط
خالہ
خوشے

خرّاٹے
خوش حال
خاص
د
دوڑا
درخت
دوزخ
درزی
دُعا
دادا
دادی
دانت
دیپک
دھیان
در
دلّی
ڈ
ڈالی
ڈاکیہ
ڈبّے
ڈمرو
ڈر
ذ
ذاکر
ذخیرہ
ر

رحمتوں
رونق
رنگ
رات
ریل
روزانہ
راگ
روٹی
روشن
راکٹ
رکشا
ز
زبان
زعفرانی
زیبرا
ژ
ژالہ
س
سچّا
سنگ
سبق
سورج
سُست
سویرے
سلام
سر
سبز

سیب
سیٹی
ستھرا
سفید
سوتے
سایہ
سیڑھی
ش
شمع
شام
شرمندہ
شان
شیر
شور
شروع
ص
صرف
صبح
صاف
صاحب
صحت
صفائی
ض
ضرور
ضعیف
ط
طاہر

طوطا
طبلہ
ظ
ظفر
ظاہر
ظروف
ظریف
ع
عِلم
عَلم
عابد
عادات
عامِر
عاقِل
عینک
عزیز
غ
غائب
غرور
غار
ف
فطرت
فقیر
فون
ق
قلم
قومی

قانون
قرآن
قطار
ک
کامیاب
کوشش
کوئل
کپڑے
کمرے
کبوتر
کمل
کچھوا
کھٹّے
کھیت
کان
کنارے
کل
کانپنا
گ
گُل
گلاب
گیند
گُڑیا
گملا
گندے
ل
لکھائی

لب
للچایا
لال لٹّو
لمبا
لبھائے
لہرائے
لومڑی
م
مچھلی
مالک
مال
منّی
مہکا
مُرغا
مُسکائے
مقابلہ
مینڈک
مور
موتی
مسجد
مکڑی
ن
نیک
نانی
ناک
نس
نہر نذیر

ننّھی
نہائیں
نیلا
ناچ
نیل گگن
ناشتہ
و
وضو
وقت
وطن
واپس
وکیل
ورق
ہ
ہیرا
ہوا
ہریالی
ہندوستان
ہرن
ہمارا
ہاتھوں
ہمیں
ی ے
یکّہ
یونی فارم
یاد
یقین